کے ہر لمحے، سوانح حیات کے ہر گوشے اور کردار و عمل کے ہر زاویئے سے کمال اور اعجاز کی شان جھلکتی نظر آتی ہے۔ مؤمنین و مسلمین اور ماننے والے پیروکار تو معترف ہی رہے مگر جب نہ ماننے والوں نے آپؐ کی پاکیزہ حیات کے کسی بھی گوشے کا غیر متعصبانہ اور غیر جانبدارانہ مطالعہ کیا تو انہیں بھی وہ (حضورؐ) ایک بہت بڑا رہنما، ایک عظیم اور سب سے بڑا انسان اور ایک ایسا انسان جس کی اگلوں پچھلوں میں مثال نہیں، دکھائی دیا۔ جناب پروفیسر جی ایس دارا صاحب بھی ایسے ہی لوگوں میں سے ہیں۔ موصوف کا تعلق سکھ مذہب سے ہے، مگر رسول عربی (صلی اللہ علیہ وسلم) کے حضور حسن نکھرے انداز میں "نذرانۂ عقیدت" پیش کیا ہے دلچسپ اندازِ تحریر، جذبات و عقیدت کا اظہار ہر پیرائے میں اعترافِ حقیقت اور اظہارِ صداقت، وہ تو بس ان ہی کا حصہ ہے۔ موصوف کتاب کا آغاز یوں کرتے ہیں:

"ایک صاحب کمال آیا جس نے جلوۂ حق دکھایا، جس کسی نے اسے پریم کی آنکھوں سے دیکھا اس کی تمنائے زندگی پوری ہوگئی، جس کی نگاہِ شوق اس پر پڑی اُسے منہ مانگی مراد مل گئی، جس لشکر کو اس من موہن نے اپنا درشن دیا اس کے جنم بھر کا پاپ کٹ گیا ؎

آناں کہ خاک را بہ نظر کیمیا کنند آیا بود کہ گوشۂ چشمے بما کنند"

کتاب کی ہر سطر سے بے نفسی، بے تعصبی اور ہر ہر حرف سے اعترافِ صداقت کی خوشبو ٹپکتی ہے۔ بقول مؤرخ اسلام مولانا سید سلیمان ندویؒ کے "ممکن تھا کہ یہ کتاب تاریخ کی حیثیت سے اس سے زیادہ بلند پایہ پر لکھی جاسکتی لیکن یہ ناممکن تھا کہ کوئی نامسلم اس سے زیادہ خلوص و عقیدت کی نذر دربارِ رسالت میں پیش کرسکتا"۔ ـــ کتاب کی عظمت و اہمیت اور ضرورت کا اندازہ اس سے لگایا جاسکتا ہے کہ مولانا سید سلیمان ندویؒ، عبدالحفیظ جالندھریؒ، مولانا عبدالماجد دریابادی، آنریبل شیخ سر عبدالقادر اور ناشر جناب حافظ عبدالرشید ارشد جیسے عظیم اکابر نے اس پر وقیع تقاریظ اور گرانقدر آراء کا اظہار کیا ہے۔ تاہم بعض جگہوں پر ان سے تسامح بھی ہوا ہے کہ ایسا ہونا ناگزیر بھی تھا ـــ کتاب اس سے قبل بھی چھپ چکی ہے۔ مگر اب کے بار جناب حافظ عبدالرشید ارشد کے ذوقِ انتخاب اور عمدہ ذوقِ طباعت کے پیشِ نظر جس شان سے اور جس قدر عمدہ، دیدہ زیب اور بلند معیار پر طبع ہوئی ہے، خدا کرے کہ قارئین اور عامۃ المسلمین بھی اسی شان اور جذبۂ عشق و محبت کے پیشِ نظر اس کتاب کے مطالعہ اور اشاعت و تقسیم میں بھرپور دلچسپی لے سکیں۔

کشف الحقائق شرح کنز الدقائق | تالیف: الامام الفقیہ علامہ الشیخ عبدالحکیم افغانیؒ ـــ صفحات: جلد اول ۳۴۵ جلد دوم ۳۵۴ ـــ قیمت مکمل سیٹ ۲۲۰/- روپے ـــ ناشر: ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ ڈی ۴۳۷/ گارڈن ایسٹ کراچی ۵ (پاکستان)

علامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمد نسفیؒ کی علم فقہ میں مشہور کتاب وافی اور پھر اس کی شرح کافی اور اس کی تلخیص "کنز الدقائق" کو قبولِ عام اور نفع تمام کے اعتبار سے جو استناد اور مرجعیت حاصل ہوئی ہے وہ علم فقہ کے کسی بھی طالب علم سے مخفی نہیں۔